# اسلام اورعصرِ جدید

ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز
جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ ۲۵

(سہ ماہی)

# اسلام اور عصرِ جدید

(جنوری، اپریل، جولائی، اکتوبر)

جلد: ۵۶ — جولائی ۲۰۲۴ء — شمارہ: ۳

ISSN 2278-2109

## اعانت زر کی شرحیں

| | فی شمارہ | سالانہ | |
|---|---|---|---|
| اندرون ملک | 100/روپے | 380/روپے | (رجسٹرڈ ڈاک سے) |
| پاکستان و بنگلہ دیش | 4/امریکی ڈالر | 15/امریکی ڈالر | (رجسٹرڈ ڈاک سے) |
| دیگر ممالک | 12/امریکی ڈالر | 40/امریکی ڈالر | (رجسٹرڈ ہوائی ڈاک سے) |

## حیاتی رکنیت

| | |
|---|---|
| اندرون ملک | 5000/روپے |
| پاکستان و بنگلہ دیش | 150/امریکی ڈالر |
| دیگر ممالک | 400/امریکی ڈالر |

**اس شمارے کی قیمت** 100/روپے

پرنٹنگ اسسٹنٹ: راشد احمد — ٹائٹل: اریج گرافکس



**پتہ**

ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۵

Website: www.jmi.ac.in/zhiis  E-mail:zhis@jmi.ac.in

**طابع و ناشر:** پروفیسر اقتدار محمد خاں اعزازی ڈائرکٹر، ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی۔۲۵

**مطبوعہ** : لبرٹی آرٹ پریس، پٹودی ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۲

ضیاء الدین فلاحی *

# قرآن مجید میں صنفی مساوات کا تصور

## عورت کی اصلی نشو ونما

قرآن مجید خالق کائنات کی آخری کتاب ہے۔ اس الہامی کتاب نے افکار واعمال میں انسان کی ہدایت کا مکمل انتظام کیا ہے۔ ان احکامات وتعلیمات کو انسانی معاشرہ میں نافذ وجاری کرنے کے لیے انبیاء ورسل کو اسوہ ونمونہ بنایا گیا۔ قرآن حکیم جو انسانی تمدن کی تہذیب وتزئین کے لیے نازل ہوا، اس نے تمدن کی دو اہم اکائیوں: مرد اور عورت کو بنیادی مخاطب بنایا ہے اور قوموں کے عروج وزوال پر موثر بیانیہ پیش کیا ہے۔ اس کا ایک بیانیہ یہ ہے کہ وہ قومیں/تہذیبیں زوال سے نہیں بچ سکیں جنھوں نے عورتوں کے ساتھ انصاف کا معاملہ نہیں کیا۔

انسانی تمدن میں سب سے بنیادی مسئلہ مرد وعورت کی حقیقی وفطری حیثیت کی شناخت وادراک اور اسے برتنے کا رہا ہے۔ اس پیچیدہ گتھی کو سلجھانے میں وہی مذہب/تہذیب کامیاب رہی جس نے انسانی/جسمانی ساخت اور اس کی فطری خوبیوں اور کمزوریوں کی رعایت کی ہے۔ اس مسئلے

☆ پروفیسر ادارۂ علوم اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ ای میل: ziauddin@myamu.ac.in